**گورنر KATHY HOCHUL** **فوری ریلیز کے لیے:** 2023/3/5

# گورنر HOCHUL کا مالی سال 2024 کے بجٹ کے جزو کے طور پر گھر مالکان، کرایہ داران اور سرکاری رہائش گاہوں کے رہائشیوں کے لیے امداد کا اعلان

## نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی کے رہائشیوں اور سیکشن 8 واؤچر وصول کنندگان سمیت، ہزاروں مزید کرایہ داروں اور خاندانوں کی مدد کے لیے نیو یارک کے ایمرجنسی رینٹل اسسٹنس پروگرام کے لیے 391$ ملین کا اضافہ

## زیادہ خطرے والے 24 علاقوں میں رہائشی عمارتوں میں بچوں کے سیسے کی زد میں آنے کا سدِباب کرنے کے لیے قومی سطح کا پروگرام بناتا ہے

## 10 انتہائی ضرورت مند علاقوں میں گھر کی اہم مرمتوں میں مدد کے لیے 50$ ملین ہوم اونر سٹیبلائزیشن فنڈ کے ساتھ گورنر کے بانی بفیلو پروگرام کو ریاست بھر میں وسیع کرتا ہے

## گھر مالکان کے تحفظ کے پروگرام کے لیے 40$ ملین فراہم کرتا ہے تاکہ ریاست کی ہر کاؤنٹی میں گھر مالکان کو دیوالیہ اور رہن شدہ اشیاء کی ضبطی کی صورت میں مدد ملے

## نیو یارک کے کرایہ داروں کو مزید رہنمائی، وکالت اور مدد فراہم کرنے کے لیے شمالی نیو یارک میں نیا کرایہ دار پروٹیکشن یونٹ سیٹلائٹ آفس قائم کرتا ہے

## ریاست بھر میں قانونی خدمات اور بے دخلی کے مقدمات کی نمائندگی کے لیے 50$ ملین فراہم کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج مالی سال 2024 کے بجٹ کے ایک جزو کے طور پر، سرکاری اور سبسڈی والی رہائش گاہوں کے رہائشیوں سمیت، گھر مالکان اور کرایہ داروں کی مدد کے لیے نئی کوششوں کا اعلان کیا ہے۔ منصوبے میں کرائے کی امداد میں سرمایہ کاری شامل ہے جو سبسڈی والے مکانات کے رہائشیوں کی مدد کرے گی، بشمول سرکاری رہائش گاہیں، جنہیں عالمی وباء میں کرایہ ادا کرنے میں مشکلات پیش آئیں؛ ریاست نیو یارک بھر میں زیادہ خطرے والے علاقوں میں رہائشی عمارتوں میں بچوں کے سیسے کی زد میں آنے کا سدِ باب کرنے کے لیے ملک کا ایک معروف پروگرام؛ گھر کے مالک ایک کامیاب سپورٹ پروگرام کی توسیع جو زیادہ ضرورت مند علاقوں کے لیے تیار کی گئی ہے؛ گھر کے مالکان کو اپنے گھروں میں رہنے میں مدد دینے کے لیے مزید امداد؛ ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے کرایہ دار حفاظتی یونٹ کے لیے ایک نیا اپ سٹیٹ سیٹلائٹ دفتر، اور قانونی خدمات کے لیے فنڈنگ اور ریاست بھر میں بے دخلی کے معاملات کی نمائندگی۔ کُل ملا کر، یہ اقدامات جدید طریقوں سے نیو یارک کے ہاؤسنگ بحران سے نمٹنے کے لیے گورنر کی مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتے ہیں اور نیو یارک کے کرایہ داروں، گھر مالکان، اور کمزور آبادیوں کو اہم مدد فراہم کرتے ہیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "گہرے ہوتے ہوئے رہائشی بحران کی روشنی میں، یہ بجٹ نیو یارک کے کرایہ داروں اور گھر مالکان کی مدد کرنے کے لیے نئی اور مسلسل مدد فراہم کرتا ہے جو گزارہ کرنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ مجھے مقننہ کے ساتھ ایک معاہدے پر پہنچنے پر خوشی ہے جس میں سبسڈی والی رہائش گاہوں کے رہائشیوں کو کرایہ کے بقایا جات میں مدد کی پیشکش کی گئی ہے، بشمول عوامی رہائش کے رہائشیوں، انتہائی ضرورت والے

علاقوں میں گھر کی اہم مرمت کے لیے فنڈ، متاثرہ علاقوں میں بچوں کا سیسے کی زد میں آنا، ریاست کی کرایہ داروں کے تحفظ کی خدمات کو بڑھانا اور خدمات اور گھر کے مالکان کو اپنے گھر رکھنے میں مدد دینا، لیکن ہم پر اپنے ہاؤسنگ بحران کے پیمانے کو پورا کرنے کے لیے اور بھی بہت کچھ کرنا لازمی ہے۔ میں اپنے ہاؤسنگ بحران سے نمٹنے، اپنی رہائش کی صلاحیت کو غیر مقفل کرنے، اور اپنی ریاست کو نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے مزید سستا بنانے کے لیے لڑنا بند نہیں کروں گی، اور میں اس مقصد کے لیے مقننہ اور دیگر شرکائے کار کے ساتھ مل کر کام کرتی رہوں گی"۔

**کرایہ داروں کو عالمی وباء کے بعد کی دنیا میں منتقلی میں مدد دینا**

COVID-19 کی عالمی وباء نے نیو یارک کے بہت سے لوگوں کے مساوی رہائش سے متعلق نازک تعلق کو بے نقاب کیا ہے، جس سے ریاست ایسے پروگراموں کا انتظام کرنے پر آمادہ ہوئی ہے جس سے لوگوں کو ان کے گھروں میں رکھنے اور مالی تباہی کو روکنے میں مدد ملی۔ مالی سال 2024 کا بجٹ اضافی کرایہ داروں اور خاندانوں کی مدد کے لیے نیو یارک کے ایمرجنسی رینٹل اسسٹنس پروگرام کو 391$ ملین فراہم کرتا ہے، بشمول NYCHA اور دیگر سرکاری رہائش گاہوں کے رہائشی اور وفاقی سیکشن 8 واؤچرز کے وصول کنندگان۔ یہ فنڈنگ پبلک ہاؤسنگ کے رہائشیوں کی مدد کے لیے بجٹ میں دیگر سرمایہ کاریوں کی تکمیل کرے گی، جیسے کہ نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی کے لیے 135$ ملین کی سرمایہ کاری۔ اگر وفاقی حکومت اضافی وفاقی فنڈز ERAP کو دوبارہ مختص کرتی ہے تو مالی سال 2024 کے بجٹ میں تخصیص کا اختیار بھی شامل ہے۔

اپریل 2023 تک، ERAP نے نیو یارک میں مشکلات کے شکار 237,500 گھرانوں کے لیے تقریباً 3$ بلین رہائش اور اشیائے ضروریہ میں معاونت کے لیے فراہم کیے ہیں۔ مزید برآں، دفتر برائے عارضی و معذوری میں امداد (Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) ریاستی فنڈ سے چلنے والے پروگراموں کے ذریعے ادائیگیاں کرنا جاری رکھے ہوئے ہے جس کی کُل رقم 250$ ملین ایسے کرایہ داروں کے لیے ہے جو ERAP کے آمدنی کے معیار پر پورا نہیں اترتے، نیز ان مکان مالکان کے لیے جن کے کرایہ داروں نے اپنی کرائے کی جائیداد چھوڑ دی ہے یا جو ERAP کے لیے درخواست دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

**بچپن میں سیسے کی زد میں آنے سے حفاظت**

مالی سال 2024 کا بجٹ نیو یارک شہر سے باہر سب سے زیادہ خطرے والے علاقوں میں سے 24 علاقوں میں نیو یارک کی رہائشی عمارتوں میں بچوں کے بچپن میں سیسے کی زد میں آنے کا سدِ باب کرنے کے لیے ایک قومی سطح کا پروگرام بھی تشکیل دیتا ہے۔ پروگرام، جو پہلے گورنر Hochul کی جانب سے اپنے سالانہ ریاستی میں تجویز کیا گیا تھا، متقاضی ہے کہ کچھ کثیر خاندانی رہائشی عمارتوں کے ہر تین سال بعد سیسہ ملے پینٹ کے خطرات سے پاک ہونے کی تصدیق کی جائے۔ محکمۂ صحت سیسے سے پاک کے طور پر تصدیق شدہ عمارتوں کی ایک رجسٹری بنائے گا اور سیسے سے بنے ہوئے پینٹ کے خطرات کے تدارک کا تقاضہ کرے گا۔

**نیو یارک کے گھر مالکان کی مدد کرنا**

نیو یارک کے ہاؤسنگ بحران نے گھر خریداروں اور گھر مالکان پر خاصا اثر ڈالا ہے۔ نیو یارک سٹی میٹرو کے علاقے میں، سنہ 2015 سے اب تک گھروں کی قیمتوں میں 50 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ نیو یارک شہر سے باہر گھروں کی قیمتوں میں 50 سے 80 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ مالی سال 2024 کے بجٹ میں نیو یارک والوں کو گھر کی ملکیت کی بڑھتی ہوئی لاگت کو سنبھالنے میں مدد کرنے کے لیے گھر کے مالکان کے لیے فنڈنگ کی معاونت شامل کی گئی ہے۔

مالی سال 2024 کا بجٹ ہوم اونر اسٹیبلائزیشن فنڈ کے لیے 50$ ملین شامل کرتا ہے جس سے ریاست بھر میں ایسی 10 کمیونٹیز میں گھروں کی مرمت کے لیے فنڈز فراہم ہوں گے جن کی شناخت کم آمدنی والے غیر سفید فام گھر مالکان اور پریشانی کا شکار گھر مالکان کی اونچی سطح والوں کے طور پر کی گئی ہے۔ یہ پروگرام 10$ ملین کے بفلو ایسٹ ہوم اونر امپرووومنٹ منصوبے کی طرز پر بنایا گیا ہے، جس کا اعلان گورنر Hochul نے جولائی 2022 میں کیا تھا، جس سے غیر سیاہ فام کمیونٹیز میں گھروں کے کم آمدنی والے مالکان کو 35,000$ تک کے ایوارڈز دیے گئے تھے۔

مالی سال 2024 کے بجٹ میں ہوم اونر پروٹیکشن پروگرام (Homeowner Protection Program, HOPP) کے لیے 40$ ملین کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ HOPP پوری ریاست میں درجنوں غیر منافع بخش ہاؤسنگ کونسلنگ اور قانونی خدمات کی تنظیموں کو مالی اعانت فراہم کرتا ہے تاکہ گھر مالکان کو قرقی اور نادہندہ بننے جیسی مشکلات سے پیشگی بچانے میں مدد مل سکے۔ HOPP ریاست کی ہر کاؤنٹی میں نیو یارک کے شہریوں کو ان کے گھروں میں رکھنے میں مدد کے لیے متعدد خدمات کی کفالت کرتا ہے۔

**ریاست بھر میں کرایہ داروں کے لیے کرایہ داروں کے تحفظ کی خدمات میں اضافہ**

مالی سال 2024 کا بجٹ شمالی نیو یارک میں ریاست نیو یارک کے گھروں اور علاقے کی تجدید کے ڈویژن کے ٹیننٹ پروٹیکشن یونٹ (TPU) کے لیے بالکل نیا سیٹلائٹ دفتر قائم کرتا ہے۔ TPU پہلے ہی ریاست بھر میں کرایہ داروں کی متنوع حد کے لیے رہنمائی، وکالت، اور قانونی مدد فراہم کرتا ہے۔ نیو یارک سٹی سے باہر آبادیوں کے قریب ایک نیا دفتر کھولنے سے، TPU ایسی کمزور کرائے دار آبادیوں کو زمینی مدد فراہم کرنے کے لیے اور بھی بہتر حالت میں ہو جائے گا جیسے کہ گھر کے کرایہ داروں، فارم ورکرز، اور دیگر ضرورت مند آبادیاں۔

یہ سرمایہ کاری ایک دہائی سے زیادہ کامیاب TPU پروگرامنگ پر استوار ہے۔ سنہ 2012 کے بعد سے، TPU نے سینکڑوں تحقیقات شروع کی ہیں جن میں کئی ہائی پروفائل معاملات شامل ہیں جن پر قانونی چارہ جوئی کی گئی تھی، قانون نافذ کرنے والے شراکت داروں کی طرف بھجوایا گیا تھا، جس کے نتیجے میں TPU ذیلی پیشی جاری کی گئی تھی، یا کرایہ کے آڈٹ کی وجہ بنی تھی۔ TPU نے ان مالکان کو مزید نشانہ بنانے کے لیے ایک بڑے پیمانے پر رجسٹریشن نافذ کرنے کا پروگرام بھی شروع کیا ہے جو رجسٹریشن کی ضروریات کی تعمیل نہیں کر رہے ہیں۔ اپنی نفاذ کی سرگرمیوں کے علاوہ، TPU کمیونٹی آرگنائزرز، قانونی خدمات کی تنظیموں، اور کرایہ داروں کے گروہوں کے ساتھ مل کر تربیت گاہوں اور وسائل میلوں کا انعقاد کرتا ہے تاکہ کرایہ داروں کو کرائے کے ضوابط کے قوانین کے تحت ان کے حقوق کے بارے میں آگاہ کیا جا سکے۔

بجٹ قانونی خدمات کے لیے 50$ ملین اور ریاست بھر میں بے دخلی کے معاملات کے لیے نمائندگی شامل کرکے کرایہ داروں کے لیے اضافی تحفظ فراہم کرتا ہے۔

**مالی سال 2023 کا رہائشی منصوبہ**

مالی سال 2024 کا بجٹ گورنر کے 25$ بلین کے جامع رہائشی منصوبے کو جاری رکھے ہوئے ہے، جس کی منظوری مالی سال 2023 کے بجٹ میں دی گئی ہے، جس میں نیو یارک بھر میں 100,000 سستے گھر بنانے یا محفوظ کرنے کے لیے 10,000 غیر محفوظ آبادیوں کے لیے معاون خدمات نیز اضافی 500 گھروں کو بجلی کی فراہمی بھی شامل ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418